Quarterly Research Journal "Al-Qudwah", Volume 03, Issue 01, Jan-Mar 2025

AL-QUDWAH

ISSN(P): 2959-2062 / ISSN(E): 2959-2054

https://al-qudwah.com

محدثین کاذوقِ تصوف۔ تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ

The Interest Of Muhaddithin In Mystic Approach: An Analytical Research Study

ABSTRACT

Across every epoch of Islamic world, eminence scholars (A'immah) have reviltalized the spirit of Islam through groundbreaking thought, theological insight, and transformative writings. These luminaries mastered diverse Islamic disciplines, distinguishing themselves as Qur'anic exegetes (Mufassirīn), jurists (Fuqahā'), independent legal authorities (Mujtahidīn), hadith masters (Muhaddithīn), scholastic theologians (mutakallimīn), and linguistic pioneers. Over time, these scholars were categorized by specialization. Among them emerged a unique cohort: hadith scholars (Muhaddithīn) with a pronounced Sufi orientation. Countering the prevalent assumption that hadith scholars focused exclusively on external sciences while avoiding Sufism, however, the reality is contrary to this. They were deeply engaged whether directly or indirectly through intellectual lineage with Sufi thought and its practitioners. They championed ascetic rigor (zuhd) and mystical wisdom (ʿirfān), while maintaining formal initiation into Sufi orders (Sāḥib al-Khirqah). This article provides a list of these hadith scholars who were also Sufis. This study also demonstrates that many eminent Muhaddithīn maintained strong Sufi affiliations and through meticulous documentation of figures like Al-Hakim Al-Nishapuri, Abu Nuʿaym Al-Isfahani, Al-Qastallani, Ibn Hajar al-ʿAsqalani, and Al-Suyuti and others. It critically examines their mystical tendencies and institutional connections to Sufi traditions.

***Keywords**: Muhaddithīn, Eminence, Eminent, Sufism, Sāḥib al-khirqah, Muhaddith-Sufis, Mystical Trends, Affiliations, Institutional Connections*

AUTHORS

Hafsah Arif*
PhD Scholar, Department of Islamic Studies, Govt. College University Faisalabad:
Hafsah.arif.9211@gmail.com

Prof. Dr. Humayun Abbas Shams*
Dean Faculty of Islamic and Oriental Learning, Govt. College University Faisalabad:
drhumayunabbas@gcuf.edu.pk

Date of Submission: 15-01-2025
Acceptance: 28-01-2025
Publishing: 28-02-2025

Web: https://al-qudwah.com/
OJS: https://al-qudwah.com/index.php/aqrj/user/register
e-mail: editor@al-qudwah.com

Correspondence Author:
Hafsah Arif*PhD Scholar, Department of Islamic Studies, Govt. College University Faisalabad.*

ائمہ دین کے بہت سے طبقات ایسے گزرے ہیں جو بالواسطہ یا بلا واسطہ تصوف سے منسلک رہے ہیں۔ انہی میں سے ایک طبقہ محدثین کا ہے۔ ابتدائے اسلام ہی سے چونکہ تصوف "احسان / تزکیہ / زہد" کی صورت میں موجود تھا اسی طرح صحابہ کرامؓ اور ائمہ عظامؒ سب زہد و عرفان سے منسلک تھے۔ ان کی وجہ شہرت بطور فقیہ، مفسر و محدث ہے لیکن صوفی فکر کے حامل تھے مگر اس اعتبار سے معروف نہیں تھے۔ ان کے صاحبِ خرقہ ہونے اور صوفیہ کی صحبت اختیار کرنے کے بارے میں باقاعدہ شواہد موجود ہیں۔ بہت سے ائمہ نے تصوف اور اہل تصوف پر نقد و تبصرہ بھی کیا لیکن وہیں جزوی یا کلی اختلاف رکھنے کے باوجود ان کی مدح سرائی بھی کی۔ اس لحاظ سے محدثین کو تین گروہ میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

أ. معاندینِ تصوف

معاندین کلی طور پر تصوف اور اہل تصوف کا انکار کرتے ہیں۔ ان میں ابن باز، البانی، ابن عثیمین وغیرہ شامل ہیں۔

ب. ناقدینِ تصوف

ناقدین کلی طور پر تو تصوف و صوفیہ کا انکار نہیں کرتے بلکہ خلاف شرع باتوں کی تردید کرتے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ صوفیہ کی اچھی باتوں کو قبول کرتے ہوئے ان پر نقد و جرح بھی کرتے ہیں۔ ان میں ابن جوزی، ابن تیمیہ، ابن قیم، قاضی شوکانی وغیرہ شامل ہیں۔

ج. مادحینِ تصوف

یہ گروہ ایسا ہے کہ جو تصوف اور اہل تصوف کی مدح سرائی و تحسین کرتے ہیں اور اہل تصوف سے وابستگی کو اپنے لیے سعادت تسلیم کرتے ہیں۔ انہوں نے صوفیہ سے باقاعدہ خرقہ تصوف بھی حاصل کیا ہے۔ ان میں امام شافعی، امام احمد بن حنبل، ابو طاہر سلفی، ابن قدامہ، حافظ ابن الاصلاح، امام حاکم نیشاپوری، ابو نعیم اصفہانی وغیرہ شامل ہیں۔[1]

محدثین کے ہاں بہت سی شخصیات ایسی ہیں جنہوں نے نہ صرف تصوف کی تحسین کی بلکہ اہل تصوف سے باقاعدہ خرقہ تصوف بھی حاصل کیا۔ ان میں سے چند محدث صوفیہ کا مختصراً علمی و فکری جہت سے تذکرہ دیا گیا ہے۔

1. ربیع بن خثیمؒ (متوفی ۶۵ھ)
2. ابو البختریؒ (متوفی ۸۲ھ)
3. العلاء بن زیاد بن مطرؒ (متوفی ۸۷ھ)
4. طلق بن حبیب غنزیؒ (متوفی ۱۰۰ھ)
5. مسلم بن یسارؒ (متوفی ۱۰۰ھ)

---

[1] ۔ضیاء الدین علیمی، چند صاحب خرقہ محدثین: ایک تاریخی مطالعہ، مشمولہ: سالنامہ الاحسان الہ آباد، جنوری 2008ء، جلد 8، ص 93- 95 / ازہری، شیخ اسامہ سید محمود ، محدثین کا مسلک و مشرب۔ ایک تحقیقی مطالعہ، مترجم: شاہد رضا نجمی، الہ آباد: شاہ صفی اکیڈمی، 1439ھ، ص 85 تا 88

Ziyāʾ al-Dīn ʿAlīmī, Chand Ṣāḥib-e-Khirqah Muḥaddithīn: Aik Tārīkhi Muṭālaʿah, Mashmūlah: Sālnāmah al-Iḥsān, Allahabad, January 2008, volume 8, pp. 93-95 / Azharī, Shaykh Usāmah Sayyid Maḥmūd, Muḥaddithīn kā Maslak wa Mashrab: Aik Taḥqīqī Muṭālaʿah, Mutarjim: Shāhid Riḍā Najmī, Allahabad: Shāh Ṣafī Academy, 1439H, pp. 85-88.

6. عون بن عبداللہؒ (متوفی ۱۱۰ھ)
7. معبد بن خالد جدلیؒ (متوفی ۱۱۸ھ)
8. عامر بن عبداللہ بن زبیر بن عوامؒ (متوفی ۱۲۴ھ)
9. مطر الوراقؒ (متوفی ۱۲۹ھ)
10. حسن بن حرؒ (متوفی ۱۳۳ھ)
11. ابو حازم مسلمہ بن دینارؒ (متوفی ۱۴۰ھ)
12. کھمس بن حسن تمیمیؒ (متوفی ۱۴۹ھ)
13. ابان بن صمعہؒ (متوفی ۱۵۳ھ)
14. عمران بن مسلمؒ (متوفی ۱۶۰ھ)
15. ابوسنان بن سنان البرجمیؒ (متوفی ۱۶۰ھ)
16. سفیان ثوریؒ (متوفی ۱۶۱ھ)
17. ابن ثوبانؒ (متوفی ۱۶۵)
18. صفوان بن محرزؒ (متوفی ۱۷۴ھ)
19. بشر بن منصورؒ (متوفی ۱۸۰ھ)
20. یحیی بن یمان عجلیؒ (متوفی ۱۸۹ھ)
21. یوسف بن اسباطؒ (متوفی ۱۹۵ھ)
22. بشر بن سریؒ (متوفی ۱۹۵ھ)
23. شعیب بن حربؒ (متوفی ۱۹۶ھ)
24. ابوداؤد عمر بن سعد حفریؒ (متوفی ۲۰۳ھ)
25. زید بن حباب بن ریانؒ (متوفی ۲۰۳ھ)
26. حسین بن علی جعفیؒ (متوفی ۲۰۳ھ)
27. ابوعبداللہ محمد بن ادریس شافعیؒ (متوفی ۲۰۴ھ)
28. شجاع بن ولیدؒ (متوفی ۲۰۴ھ)
29. عبدالوہاب بن عطاءؒ (متوفی ۲۰۴ھ)
30. ابوسعید خلف بن ایوب عامری بلخیؒ (متوفی ۲۰۵ھ)

31. سعید بن عامر ضبعیؒ (متوفی ۲۰۸ھ)

32. ابو عاصم ضحاک بن مخلدؒ (متوفی ۲۱۲ھ)

33. ابو محمد عبید اللہ بن موسی عبسیؒ (متوفی ۲۱۳ھ)

34. قبیصہ بن عقبہؒ (متوفی ۲۱۵ھ)

35. موسی بن داوٗدؒ (متوفی ۲۱۷ھ)

36. حجاج بن منہال انماطیؒ (متوفی ۲۱۹ھ)

37. حسن بن ربیعؒ (متوفی ۲۲۱ھ)

38. محمد بن حاتم المصیصیؒ (متوفی ۲۲۵ھ)

39. ابو الصلت عبد السلام بن صالح ہرویؒ (متوفی ۲۳۰ھ)

40. ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن ابی سمینہؒ (متوفی ۲۳۰ھ)

41. عبد اللہ بن عونؒ (متوفی ۲۳۲ھ)

42. ابو صالح حکم بن موسیؒ (متوفی ۲۳۲ھ)

43. سریج بن یونسؒ (متوفی ۲۳۵ھ)

44. احمد بن حنبلؒ (متوفی ۲۴۱ھ)

45. محمد بن عبیدؒ (متوفی ۲۴۹ھ)

46. حارث بن مسکینؒ (متوفی ۲۵۰ھ)

47. ابو الحسن احمد بن عبد اللہ عجلیؒ (متوفی ۲۶۱ھ)

48. ابو محمد عبد اللہ بن محمد بن ایوب مخرمیؒ (متوفی ۲۶۵ھ)

49. ابو قلابہ عبد الملک بن محمد بن عبد اللہ رقاشیؒ (متوفی ۲۷۶ھ)

50. جعفر بن محمد شاکرؒ (متوفی ۲۷۹ھ)

51. ابو اسحاق ابراہیم بن ابی طالبؒ (متوفی ۲۹۵ھ)

52. ابراہیم بن محمد بن عبد اللہ نیشاپوری مقریؒ (متوفی ۲۹۷ھ)

53. ابو عمرو احمد بن نصر بن ابراہیم نیشاپوری معروف بہ الخفافؒ (متوفی ۲۹۹ھ)

54. ابو اسحاق ابراہیم بن محمد حسن بن متویہؒ (متوفی ۳۰۲ھ)

55. قاضی ابو العباس بن سریجؒ (متوفی ۳۰۶ھ)

56. ابو بکر عمر بن سعید بن احمد بن سنان طائیؒ(متوفی ۳۰۶ھ)

57. ابو سعید محمد بن احمد بن عبید بن فیاض عثمانیؒ(متوفی ۳۱۰ھ)

58. ابو محمد عبد اللہ بن محمد بن سلم بن حبیب فریابی مقدسیؒ(متوفی ۳۱۰ھ)

59. ابو جعفر احمد بن یحیی بن زھیر تستریؒ(متوفی ۳۱۰ھ)

60. ابو الحسن محمد بن محمد بن عبد اللہ بن النفاح باھلیؒ(متوفی ۳۱۴ھ)

61. ابو عبد اللہ محمد بن علی مروذیؒ(متوفی ۳۲۲ھ)

62. ابو علی محمد بن عبد الوہاب بن عبد الرحمن بن عبد الرحمنؒ(متوفی ۳۲۸ھ)

63. ابو بکر محمد بن الحسین بن عبد اللہ بغدادی الآجریؒ(متوفی ۳۶۰ھ)

64. حافظ محمد بن عیسی جلودیؒ(متوفی ۳۶۸ھ)

65. ابو اللیث نصر بن محمد بن ابراہیم سمرقندیؒ(متوفی ۳۷۵ھ)

66. عبد الوارث بن سفیان بن جبرونؒ(متوفی ۳۹۵ھ)

67. ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوریؒ(متوفی ۴۰۵ھ)

68. ابو نعیم اصفہانیؒ(متوفی ۴۳۰ھ)

69. محمد بن عیسی عبد العزیز بن الصباح شیخ ھمذانؒ(متوفی ۴۳۱ھ)

70. ابو یعقوب اسحاق بن ابی اسحاق ابراہیم بن محمد سرخسی ہرویؒ(متوفی ۴۲۹ھ)

71. ابو ذر عبد بن احمد ہرویؒ(متوفی ۴۳۵ھ)

72. ابو الحسن علی بن عبد اللہ بن محمد ھمذانی الکسائیؒ(متوفی ۴۴۵ھ)

73. ابو عثمان اسماعیل بن عبد الرحمن بن ابراہیم صابونیؒ(متوفی ۴۴۹ھ)

74. ابو محمد القاسم بن الفتح بن محمد الفرجیؒ(متوفی ۴۵۱ھ)

75. ابو علی حسن بن علی بن محمد بن احمد بن جعفر بلخی الوخشیؒ(متوفی ۴۷۱ھ)

76. ابو عبد الرحمن طاہر بن محمد نیشاپوری مستملیؒ(متوفی ۴۷۹ھ)

77. ابو الفضل محمد بن احمد بن ابی جعفر طبسیؒ(متوفی ۴۸۲ھ)

78. ابو القاسم عبد الملک بن علی بن خلف شغبہ انصاریؒ(متوفی ۴۸۴ھ)

79. ھبۃ اللہ عبد الوارثؒ(متوفی ۴۸۶ھ)

80. ابو بکر محمد بن احمد بن عبد الباقی بن الخاضبہؒ(متوفی ۴۸۹ھ)

81. ابو طاہر احمد بن حسن بن احمد الکرجیؒ (متوفی ۴۸۹ھ)
82. ابو الفتح نصر بن ابراہیم بن نصر بن داؤد نابلسیؒ (متوفی ۴۹۰ھ)
83. ابو الفرج سہل بن بشر بن احمد بن سعید اسفرائینیؒ (متوفی ۴۹۱ھ)
84. ابو علی حسن بن محمد بن احمد الکرمانیؒ (متوفی ۴۹۵ھ)
85. ابو الفرج اسماعیل بن محمد بن عثمان القومسانیؒ (متوفی ۴۹۷ھ)
86. ابو الفضل محمد بن طاہر قیسرانیؒ (متوفی ۵۰۷ھ)
87. ابو الخیر عبداللہ بن مرزوق ہرویؒ (متوفی ۵۰۷ھ)
88. محی السنہ ابو محمد الحسین بن مسعود بغویؒ (متوفی ۵۱۶ھ)
89. ابو عبداللہ محمد بن فضل فراویؒ (متوفی ۵۳۰ھ)
90. ابو عبداللہ محمد بن علی تمیمی مازریؒ (متوفی ۵۳۶ھ)
91. ابو سعد احمد بن محمد بن احمد بغدادی اصبہانیؒ (متوفی ۵۴۰ھ)
92. ابو طاہر سلفیؒ (متوفی ۵۷۶ھ)
93. ابو محمد عبدالحق بن عبدالرحمن بن عبداللہ معروف بہ ابن الخراطؒ (متوفی ۵۸۱ھ)
94. عبدالمغیث بن زہیرؒ (متوفی ۵۸۳ھ)
95. ابو سعید و ابو عبداللہ محمد بن المسند عبدالرحمن المسعودیؒ (متوفی ۵۸۴ھ)
96. ابو یعقوب یوسف بن احمد بن ابراہیم شیرازیؒ (متوفی ۵۸۵ھ)
97. ابو محمد عبداللہ بن محمد الحجری اندلسیؒ (متوفی ۵۹۱ھ)
98. حافظ عبدالغنی مقدسیؒ (متوفی ۶۰۰ھ)
99. ابو بکر عبدالرزاق بن عبدالقادر بن ابی صالح حنبلیؒ (متوفی ۶۰۳ھ)
100. ابن سکینہ ابو احمد عبدالوہاب بن علی بن علی بغدادیؒ (متوفی ۶۰۷ھ)
101. ابو عمر محمد بن احمد بن قدامہ بن مقدام مقدسیؒ (متوفی ۶۰۷ھ)
102. نجم الدین الکبری احمد بن عمر بن محمد خوازمیؒ (متوفی ۶۱۲ھ)
103. ابو محمد عبدالقادر بن عبداللہ الرہاویؒ (متوفی ۶۱۲ھ)
104. ابو عبداللہ محمد بن خلف بن راجح مقدسی جماعیلیؒ (متوفی ۶۱۸ھ)
105. حافظ ابن قدامہ مقدسیؒ (متوفی ۶۲۰ھ)

106. مجد الدین ابو المجد محمد بن حسین قزوینیؒ (متوفی ۶۲۲ھ)

107. ابو محمد عبد الرحمن بن عبد اللہ بن علوان الاسدیؒ (متوفی ۶۲۳ھ)

108. ظہیر الدین احمد بن سلطان صلاح الدینؒ (متوفی ۶۳۴ھ)

109. ابو طاہر اسماعیل بن ظفر مقدسی نابلسیؒ (متوفی ۶۳۷ھ)

110. حافظ ابن الصلاحؒ (متوفی ۶۴۳ھ)

111. ضیاء الدین ابو عبد اللہ مقدسی جماعیلیؒ (متوفی ۶۴۳ھ)

112. ابو حیان اندلسیؒ (متوفی ۶۴۵ھ)

113. مجد الدین محمد بن محمد بن عمر اسفرائینیؒ (متوفی ۶۴۶ھ)

114. ابو عبد اللہ یونینیؒ (متوفی ۶۵۸ھ)

115. ابو المعالی سعید بن مطہر بن سعید بن علیؒ (متوفی ۶۵۹ھ)

116. عز الدین بن عبد السلامؒ (متوفی ۶۶۰ھ)

117. حافظ ابو بکر محمد بن یوسف بن مسدیؒ (متوفی ۶۶۰ھ)

118. قطب الدین محمد بن احمد قسطلانیؒ (متوفی ۶۶۸ھ)

119. یحیی بن شرف نوویؒ (متوفی ۶۷۶ھ)

120. حافظ ابو محمد عبد المؤمن دمیاطیؒ (متوفی ۷۰۵ھ)

121. شمس الدین ذہبیؒ (متوفی ۷۴۸ھ)

122. ابن قیم جوزیہؒ (متوفی ۷۵۱ھ)

123. تقی الدین سبکیؒ (متوفی ۷۵۶ھ)

124. جمال الدین زیلعیؒ (متوفی ۷۶۲ھ)

125. حافظ بن ابن کثیرؒ (متوفی ۷۷۴ھ)

126. شہاب الدین رملیؒ (متوفی ۷۸۴ھ)

127. ابن رجب حنبلیؒ (متوفی ۷۹۵ھ)

128. حافظ زین الدین عراقیؒ (متوفی ۸۰۶ھ)

129. حافظ ابن الملقنؒ (متوفی ۸۰۶ھ)

130. حافظ ابو الخیر محمد بن محمد جزریؒ (متوفی ۸۳۳ھ)

131. ابن ناصر الدین دمشقیؒ (متوفی ۸۴۲ھ)

132. ابن حجر عسقلانیؒ (متوفی ۸۵۲ھ)

133. شمس الدین سخاویؒ (متوفی ۹۰۲ھ)

134. ابن مبرد حنبلیؒ (متوفی ۹۰۹ھ)

135. ابن حجر مکی ہیثمیؒ (متوفی ۹۰۹ھ)

136. جلال الدین سیوطیؒ (متوفی ۹۱۱ھ)

137. عبد الرحمن علیمیؒ (متوفی ۹۲۸ھ)

138. محمد بن احمد نجم الدین غیطیؒ (متوفی ۹۸۳ھ)

139. ملا علی قاریؒ (متوفی ۱۰۱۴ھ)

140. حافظ شوکانیؒ (متوفی ۱۲۵۰ھ)

141. ابراہیم بن محمد بن محمد بن احمد بن عبد الرحمن دمشقیؒ

درج بالا محدث صوفیہ کی فہرست کے لیے حلیۃ الاولیاء از ابو نعیم اصفہانیؒ (متوفی ۴۳۰ھ)، کشف المحجوب از داتا علی ہجویریؒ (متوفی ۴۶۵ھ)، تہذیب الکمال فی اسماء الرجال از جمال الدین مزیؒ (متوفی ۷۴۲ھ)، سیر اعلام النبلاء، تذکرۃ الحفاظ از شمس الدین ذہبیؒ (متوفی ۷۴۸ھ)، طبقات الاولیاء از ابن الملقنؒ (متوفی ۸۰۴ھ) اور محدثین کا مسلک و مشرب از شیخ اسامہ سید محمود ازہری سے استفادہ کیا گیا۔

1. سفیان ثوریؒ (متوفی ۱۶۱ھ):

سفیان ثوریؒ کا شمار کبار محدثین، مفسرین، فقہا اور اپنے عہد کے عظیم زہاد میں ہوتا ہے۔ آپ کو اہل ورع کا سردار گردانا جاتا تھا۔ علامہ ذہبیؒ نے امام شعبہ کا قول نقل کرتے ہوئے لکھا:

ساد سفیان الناس باالورع والعلم.[2]

"سفیان ثوری ورع اور علم میں لوگوں کے سردار تھے۔"

احمد بن یونس نے کہا کہ میں نے سفیان سے زیادہ علم والا کسی کو نہیں دیکھا۔ سفیان سے زیادہ متقی کوئی نہیں، نہ سفیان سے زیادہ فہم والا اور نہ ہی کوئی سفیان سے زیادہ زاہد ہے۔[3]

2. محمد بن ادریس شافعیؒ (متوفی ۲۰۴):

---

[2]۔ الذهبي،شمس الدين محمد بن عثمان،سير اعلام النبلاء،محقق:شعيب الارنؤوط،بيروت:مؤسسة الرسالة، ۱٤۰۲ھ، ۲۳۷/۷
al-Dhahabī, Shams al-Dīn Muḥammad ibn ʿUthmān, Siyar Aʿlām al-Nubalāʾ, Muḥaqqiq: Shuʿayb al-Arnāʾūṭ, Bayrūt: Muʾassasat al-Risālah, 1402H, 237/7.

[3]۔ اصفہانی ، حافظ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء و طبقات الاصفیاء، قاھرۃ: دار الحدیث، ۱٤۳۰ھ، ۲۸٦/۵
Aṣfahānī, Ḥāfiẓ Abū Nuʿaym, Ḥilyat al-Awliyāʾ wa Ṭabaqāt al-Aṣfiyāʾ, Qāhirah: Dār al-Ḥadīth, 1430H, 286/5.

امام شافعیؒ محدث اور فقیہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک صوفی بھی تھے۔ سید علی ہجویریؒ نے آپ کو باقاعدہ صوفیہ میں شمار کیا ہے۔[4] آپ نہ صرف تصوف کے مادحین میں سے ہیں بلکہ آپ نے صوفیہ کی صحبت اختیار کیے رکھی۔ آپ کے اس قول سے اس بات کی وضاحت ہوتی ہے۔

صحبت الصوفية عشر سنين[5]

"میں نے دس سال صوفیہ کی صحبت اختیار کیے رکھی۔"

یہی نہیں امام شافعیؒ نے دو ایسے جامع کلمات کی بھی نشاندہی کی جو صوفیہ کی تعریف و توصیف کے لیے دال ہیں۔ وہ فرماتے ہیں:

صحبت الصوفية.فما انتفعت منهم الا بكلمتين، سمعتهم يقولون: الوقت سيف فان قطعته والاقطعك . ونفسك ان لم تشغلها بالحق، والا شتغلتك بالباطل.[6]

میں نے صوفیہ کی صحبت اختیار کی۔ مجھے دو کلمات کے علاوہ کسی چیز نے فائدہ نہ پہنچایا۔ میں نے انہیں کہتے ہوئے سنا: وقت ایک تلوار ہے۔ اگر تک اسے نہیں کاٹو گے تو وہ تمہیں کاٹ دے گا۔ اور تمہارا نفس کہ اگر تم اسے حق میں مشغول نہیں رکھو گے تو وہ تمہیں باطل میں مشغول کر دے گا۔

3. احمد بن حنبلؒ (متوفی ۲۴۱ھ):

امام احمد بن حنبلؒ تیسری صدی ہجری کے عظیم محدث، فقیہ و مجتہد ہونے کے ساتھ ساتھ ایک عظیم صوفی بھی تھے۔ آپ کے زہد وورع اور صوفیہ سے صحبت یافتہ ہونے کی واضح دلیل یہ ہے کہ حضرت داتا علی ہجویریؒ نے انہیں اصحاب صوفیہ میں شمار کیا نیز فرمایا کہ آپ کا زہد وورع میں خاص مقام تھا۔ آپ نے کبار صوفیہ مثلاً ذوالنون مصریؒ، بشر حافیؒ، سری سقطیؒ اور معروف کرخیؒ وغیرہ کے فیض صحبت سے مستفیض ہوئے۔[7]

4. حافظ محمد بن عیسی جلودیؒ (متوفی ۳۶۸ھ):-

امام جلودیؒ جید عالم دین، ثقہ راوی حدیث ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے عہد کے اکابر صوفیہ میں شمار ہوتے ہیں۔ امام نوویؒ نے امام حاکمؒ کا قول نقل کرتے ہوئے لکھا:

كان ابو احمد هذا الجلودي شيخا صالحا زاهدا، من كبار عباد الصوفية[8]

"ابو احمد جلودی شیخ صالح تھے۔ زاہد اور کبار عبادت گزار صوفیہ میں سے تھے۔ آپ اکابر مشائخ کے فیض صحبت سے مستفید ہوئے۔"

---

[4] - الهجويری ، ابو الحسن علی بن عثمان الجلابی،کشف المحجوب (نسخه تهران) ، تصحیح و تحشیه : علی قویم ، اسلام آباد: مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ،۱۳۹۸ھ،ص۱۰۶

Al-Hujwīrī, Abū al-Ḥasan ʻAlī ibn ʻUthmān al-Jullābī, Kashf al-Maḥjūb (Tehran Edition), Taṣḥīḥ wa Taḥshīyah: ʻAlī Qawīm, Islāmābād: Markaz Taḥqīqāt-e Fārsī Īrān wa Pākistān, 1398 AH, p. 106

[5] - بیهقی ، ابو بکر احمد بن الحسین، مناقب الشافعی ، قاهرة: مكتبة دارالتراث، ١٣٩٠ھ ، ٢٠٨/٢

Bayhaqī, Abū Bakr Aḥmad ibn al-Ḥusayn, Manāqib al-Shāfiʿī, Qāhirah: Maktabat Dār al-Turāth, 1390H, 208/2.

[6]. ابن قيم جوزية، محمد بن ابی بکر ، مدارج السالكين ، محقق: محمد المعتصم بالله ، بيروت: دارالكتاب العربی، ١٤١٦ھ، فصل منزلة الوقت ، حقيقة الوقت ، ١٢٤/٣

Ibn Qayyim al-Jawziyyah, Muḥammad ibn Abī Bakr, Madārij al-Sālikīn, Muḥaqqiq: Muḥammad al-Muʿtaṣim Billāh, Bayrūt: Dār al-Kitāb al-ʿArabī, 1416H, Faṣl Manzilat al-Waqt, Ḥaqīqat al-Waqt, 124/3.

[7] -كشف المحجوب ، باب فی ذکر ائمتهم من تبع تابعين الی يومنا، ص ١٠٧

Kashf al-Maḥjūb, Bāb Fī Dhikr Aʾimmatihim min Tabiʿ al-Tābiʿīn ilā Yawmihim, p. 107.

[8]. نووی،ابو زکریا محی الدین یحیی بن شرف ، المنهاج فی شرح صحیح مسلم بن الحجاج، بيروت: مؤسسة الرسالة ناشرون، س.ن، مقدمة، فصل في بيان اسناد الكتاب و حال رواته منا الي الأمام مسلم مختصرا، ٢٩/١

Nawawī, Abū Zakariyyā Yaḥyā ibn Sharaf, al-Minhāj fī Sharḥ Ṣaḥīḥ Muslim ibn al-Ḥajjāj, Bayrūt: Muʾassasat al-Risālah Nāshirūn, S.N., Muqaddimah, Faṣl fī Bayān Isnād al-Kitāb wa Ḥāl Ruwātihī minnā ilā al-Imām Muslim Mukhtaṣaran, 29/1.

5. ابو عبداللہ حاکم نیشاپوریؒ(متوفی ۴۰۵ھ):

آپؒ کا شمار کبار محدثین میں ہوتا ہے۔ آپ کے ذوق تصوف اور اہل تصوف سے تعلق کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ نے کبار مشائخ طریقت جیسے اسماعیل بن نجیدؒ، جعفر الخالدیؒ اور ابو عثمان مغربیؒ کی صحبت اختیار کی۔[9]

6. ابو نعیم اصفہانیؒ(متوفی ۴۳۰ھ):

آپؒ مایہ ناز علمی شخصیت اور فن حدیث میں بلند مقام کے حامل تھے۔ آپ محدث ہونے کے ساتھ ساتھ ایک عظیم صوفی بھی تھے۔[10] آپ ثقہ عالم، صوفی اور صاحب حلیۃ الاولیاء تھے۔[11] آپ نے اپنی کتاب میں ان عظیم شخصیات کے احوال، فضائل و مناقب بیان کیے ہیں نیز ان اقوال بھی نقل کیے۔

7. ابو ذر عبد بن احمد ہرویؒ(متوفی ۴۳۵ھ) :

آپؒ کا شمار ائمہ محدثین اور رواۃ حدیث اور کبار صوفیہ میں ہوتا ہے۔ آپ بہت سی کتب کے مصنف ہونے کے ساتھ ساتھ ابو اسحاق مستملیؒ، ابو محمد حمویؒ اور ابو ھیثم کشمیھنیؒ تینوں سے صحیح بخاری کے روای ہیں۔ نیز آپ زاہد و متقی تھے۔ آپ کا شمار مشائخ حرم میں ہوتا ہے اور تصوف میں مرجع کی حیثیت رکھتے ہیں۔[12]

8. ابو الفضل محمد بن طاہر قیسرانیؒ(متوفی ۵۰۷ھ):

محمد بن طاہر مقدسی کا تعلق اپنے عہد کے معروف حفاظ و محدثین سے تھا۔ آپ کا شمار ان محدثین میں ہوتا ہے جو ذوق تصوف اور اہل تصوف سے وابستگی کے لیے بھی معروف تھے۔ آپ کو کبار صوفیہ میں بھی شمار کیا جاتا ہے۔[13] آپ نے صفوۃ التصوف کتاب تالیف کی۔ جس میں صوفیانہ آداب سلوک پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ ان آداب سلوک کا دفاع کیا گیا اور اسے سنت و شریعت سے ثابت کیا گیا۔[14]

---

[9] ۔سیر اعلام النبلاء ، ۱۶۵/۱۷

Siyar Aʿlām al-Nubalāʾ, 165/17.

[10] ۔ السیوطی ، ابو الفضل جلال الدین ابی بکر ، تایید الحقیقة العلیة و تشیید الطریقة الشاذلیة ، بیروت : دار الکتب العلمیة، ۲۰۰۶ء، ص۲٤

al-Suyūṭī, Abū al-Faḍl Jalāl al-Dīn Abī Bakr, Taʾyīd al-Ḥaqīqah al-ʿAliyyah wa Tashyīd al-Ṭarīqah al-Shādhiliyyah, Bayrūt: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyyah, 2006, p. 24.

[11] ۔سیر اعلام النبلاء ، ٤٥٤/۱۷

Siyar Aʿlām al-Nubalāʾ, 17/454.

[12] ۔سیر اعلام النبلاء، ۵۵۵/۱۷ و ۵۵۹/۱۷

Siyar Aʿlām al-Nubalāʾ, 555/17 and 559/17.

[13] - القیسراني، محمد بن طاهر المقدسي، صفوة التصوف، محقق: غادة القدم عدرة، بیروت: دارالمنتخب العربي الدراسات والنشر والتوزیع، ١٤١٦هـ، ص٣٤

al-Qaysarānī, Muḥammad ibn Ṭāhir al-Maqdisī, Ṣafwat al-Taṣawwuf, Muḥaqqiq: Ghādah al-Qadam ʿAdrah, Bayrūt: Dār al-Muntakhab al-ʿArabī lil-Dirāsāt wa al-Nashr wa al-Tawzīʿ, 1416H, p. 34.

[14] ۔صفوة التصوف ، ص٦٣، ص٧٢

Ṣafwat al-Taṣawwuf, p. 63 and p. 72

9. ابو عبداللہ محمد بن فراویؒ (متوفی ۵۳۰ھ):

ابو عبداللہ محمد بن فضل فراویؒ فقہ واصول کے ماہر اور عظیم محدث تھے۔ آپ سے کثیر تعداد میں اسانید صحیحہ مروی ہیں۔ امام عبدالغافرؒ نے آپ کے حوالے سے لکھا کہ:

هو فقيه الحرم، البارع في الفقه والاصول ،الحافظ للقواعد، نشا بين الصوفيةفي حجورهم، ووصل اليه بركات انفسهم.

آپ فقیہ حرم، فقہ واصول کے ماہر، قواعد کے حافظ تھے۔ آپ نے صوفیہ کی آغوش میں پرورش پائی اور ان ان کے بابرکت نفوس کی برکات حاصل ہوئیں۔[15]

10. ابو طاہر سلفیؒ (متوفی ۵۷۶ھ):

ابو طاہر احمد بن محمد اصبہانی السلفیؒ کا تعلق چھٹی صدی کے عظیم محدثین میں ہوتا ہے۔ آپ نے معمر بن احمد لبنانیؒ سے علم تصوف حاصل کیا۔[16] آپ نے ان سے خرقہ بھی پہنا۔ اس کا اظہار انہوں نے ان الفاظ میں کیا کہ:

وكان لباسي من معمر هذا باصبهان بحضرة والدي.[17]

"میں نے اصفہان میں اپنے والد کی موجودگی میں معمر سے خرقہ پہنا۔"

11. تقی الدین ابو محمد عبدالغنی مقدسیؒ (متوفی ۶۰۰ھ):

عبدالغنی مقدسی اپنے عہد کے عظیم محدث تھے۔ آپ نے شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، ہبۃ اللہ بن ہلالؒ، ابوزرعۃ مقدسیؒ، معمر بن فاخرؒ وغیرہ سے علوم حاصل کیے۔ آپ زہد وورع کے پیکر تھے۔[18] ابن قدامہ نے کہا کہ:

لبست انا والحافظ عبدالغني الخرقة من يد شيخ الاسلام عبدالقادر في وقت واحد.[19]

---

[15]- المنهاج فی شرح صحيح مسلم ، مقدمة، فصل فی بيان اسناد الكتاب و حال رواته منا الي الامام مسلم، 1/ 26-27

al-Minhāj fī Sharḥ Ṣaḥīḥ Muslim, Muqaddimah, Faṣl fī Bayān Isnād al-Kitāb wa Ḥāl Ruwātihī minnā ilā al-Imām Muslim, 26-27/1.

[16]- سير اعلام النبلاء ، ۲۱/۵، ۲۱/۲۲

Siyar Aʿlām al-Nubalāʾ, 5/21 and 22/21.

[17]. ابن الملقن، سراج الدين ابو حفص عمر بن احمد مصری، طبقات الاولياء ، تحقيق: نورالدين شريبه، قاهرة: مكتبة الخانجي، ۱۴۱۵ھ، سلاسل خرقة ابن الملقن، ص۵۰۳

Ibn al-Mulaqqin, Sirāj al-Dīn Abū Ḥafṣ ʿUmar ibn Aḥmad al-Miṣrī, Ṭabaqāt al-Awliyāʾ, Taḥqīq: Nūr al-Dīn Sharībah, Qāhirah: Maktabat al-Khānajī, 1415H, Salāsil Khirqah Ibn al-Mulaqqin, p. 503.

[18]-سير اعلام النبلاء ، ۲۱/۴۴۴- ۴۴۸/عبد الرحمن عليمی مقدسی ، المنهج الاحمد فی تراجم اصحاب لامام احمد، تحقيق: عبدالقادر الارنؤوط ، بيروت: دارصادر، 1997ء، 4/ 55

Siyar Aʿlām al-Nubalāʾ, 444-448/21 / ʿAbd al-Raḥmān ʿAlīmī Maqdisī, al-Manhaj al-Aḥmad fī Tarājim Aṣḥāb al-Imām Aḥmad, Taḥqīq: ʿAbd al-Qādir al-Arnāʾūṭ, Bayrūt: Dār Ṣādir, 1997, 55/4.

[19] . شمس الدين ابو المظفر يوسف بن قز، مرآة الزمان فی تواريخ الاعيان، دمشق: دارالرسالة العالمية، ۱۴۳۴ھ، السنة الحادية و الستونو خمس مئة، 21/ 108

"میں نے اور حافظ عبد الغنی نے ایک ہی وقت میں شیخ الاسلام عبد القادر جیلانی سے خرقہ پہنا"

12. ابن سکینہ عبد الوہاب بن علی بن علی بغدادیؒ (متوفی ۶۰۷ھ):

ابن سکینہؒ معروف فقیہ و محدث ہونے کے ساتھ ساتھ صاحب خرقہ بھی ہیں۔ انہوں نے اپنے دادا ابو البرکات اسماعیل بن احمدؒ سے خرقہ تصوف پہنا۔[20] ابن نجار نے کہا:

شیخنا ابن سکینة شیخ العراق في الحدیث والزهد[21]

ہمارے شیخ ابن سکینہ حدیث اور زہد میں شیخ العراق ہیں۔

13. نجم الدین الکبری احمد بن عمر بن محمد خوارزمیؒ (متوفی ۶۱۲ھ):

نجم الدین خوارزمیؒ اپنے عہد کے عظیم محدث ہونے کے ساتھ ساتھ صاحب خرقہ بھی تھے۔ آپ نے باقاعدہ فخر الدین رازی کی صحبت اختیار کی اور خرقہ تصوف پہنا۔[22]

14. موفق الدین ابن قدامہ مقدسیؒ (متوفی ۶۲۰ھ):

حافظ ابن قدامہؒ ساتویں صدی ہجری کے فقیہ، محدث، زاہد تھے۔[23] آپ کا قول ہے کہ:

لبست انا والحافظ عبدالغني الخرقة من يد شيخ الاسلام عبدالقادر في وقت واحد، و اشتغلنا عليه بالفقه و سمعنا منه و انتفعنا بصحبته ولم ندرك من حياته غير خمسين ليلة.[24]

"میں نے اور حافظ عبد الغنی نے ایک ہی وقت میں شیخ الاسلام عبد القادر جیلانی سے خرقہ پہنا، ان سے ہم نے فقہ سیکھی، سماع حدیث کیا، ان کی صحبت سے فائدہ اٹھایا اور ہمیں صرف پچاس راتوں کی صحبت مل سکی۔"

15. تقی الدین ابن الصلاحؒ (متوفی ۶۴۳ھ):

حافظ ابن الصلاحؒ اپنے عہد کے مفسرین، محدثین وفقہاء میں سے ایک تھے۔ عمر بن حاجبؒ نے آپ کو امام ورع قرار دیا ہے۔[25] آپ نے بھی اپنے عہد کے عظیم صوفیہ کی صحبت اختیار کی اور باقاعدہ ان سے خرقہ بھی پہنا۔ علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے حافظ ابن الصلاحؒ کی بیان کردہ خرقہ تصوف کی پوری سند نقل کی ہے۔ حافظ ابن الصلاح نے کہا:

Shams al-Dīn Abū al-Muẓaffar Yūsuf ibn Qaz, Mirʾāt al-Zamān fī Tawārīkh al-Aʿyān, Dimashq: Dār al-Risālah al-ʿĀlamiyyah, 1434H, al-Sanah al-Ḥādiyyah wa al-Sittūn wa Khams Miʾah, 108/21.

[20]-سیر اعلام النبلاء، ۵۰۳/۲۱

Siyar Aʿlām al-Nubalāʾ, 503/21.

[21]- ایضاً

Ibid.

[22]- سیر اعلام النبلاء۔ ۱۱۳/۲۲

Siyar Aʿlām al-Nubalāʾ, 113/22.

[23]-المنہج الاحمد فی تراجم اصحاب لامام احمد، ص۱۴۸

al-Manhaj al-Aḥmad fī Tarājim Aṣḥāb al-Imām Aḥmad, p. 148.

[24]. مرآة الزمان فی تواریخ الاعیان، السنة الحادیة و الستونو خمس مئة، ۱۰۸/۲۱

Mirʾāt al-Zamān fī Tawārīkh al-Aʿyān, al-Sanah al-Ḥādiyyah wa al-Sittūn wa Khams Miʾah, 108/21.

[25]-سیر اعلام النبلاء ، ۱۴۲-۱۴۰/۲۳

Siyar Aʿlām al-Nubalāʾ, 140-142/23.

"میرے پاس خرقہ پہننے کی بہت عالی سند ہے۔ مجھے ابوالحسن موید بن محمد طوسی نے خرقہ پہنایا، انہوں نے کہا کہ میں نے ابوالاسود ھبۃ الرحمن بن ابوسعید عبدالواحد بن ابوالقاسم قشیری سے، انہوں نے کہا میں نے اپنے دادا ابوالقاسم قشیری سے، انہوں نے کہا میں نے ابوعلی دقاق سے، انہوں نے کہا میں ابوالقاسم نصراباذی سے، انہوں نے شبلی سے انہوں نے جنید بغدادی سے، انہوں نے سری سقطی سے، انہوں نے معروف کرخی سے، انہوں نے داؤد الطائی سے، انہوں نے حبیب عجمی سے، انہوں نے حسن بصری سے، انہوں نے علی بن ابی طالب سے اور انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خرقہ پہنا۔"[26]

16. ابوحیان اندلسیؒ (متوفی ۶۴۵ھ):

ابوحیان اندلسی عظیم مفسر، فقیہ اور محدث تھے۔ آپ کا شمار ان عظیم محدث صوفیہ میں ہوتا ہے جنہوں نے باقاعدہ خرقہ تصوف حاصل کیا۔ ابن ملقن نے ان کے خرقہ پہننے کے حوالے سے باقاعدہ سند بیان کی ہے کہ:

وهو لبس من شيخه قطب الدين بن القسطلاني و كمال الدين بن النقيب المفسر، كلاهما عن الشهاب السهروردي عن عمه.[27]

انہوں نے اپنے شیخ قطب الدین قسطلانی اور کمال الدین بن النقیب مفسر سے خرقہ پہنا اور ان دونوں نے شہاب الدین سہروردی سے اور انہوں نے اپنے چچا سے خرقہ پہنا۔

علامہ سخاوی نے آپ کو ان محدثین میں شمار کیا ہے جنہوں نے باقاعدہ خرقہ تصوف حاصل کیا۔[28]

17. ابوعبداللہ یونینیؒ (متوفی ۶۵۷ھ):

محمد بن احمد بن عبداللہ یونینی بعلیؒ اپنے عہد کے فقیہ، محدث، زاہد اور عارف ربانی تھے۔ آپ نے شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے خلیفہ شیخ عبداللہ بطائحیؒ سے خرقہ تصوف پہنا۔ نیز آپ شیخ عبداللہ یونینیؒ زاہد کی صحبت میں رہتے ہوئے مستفیض ہوئے۔[29]

18. ابوالمعالی سعید بن مطہر بن سعید بن علیؒ (متوفی ۶۵۹ھ):

ابوالمعالیؒ ساتویں صدی ہجری کے معروف محدث گزرے ہیں۔ آپ نے صوفی نجم الدین خیوقیؒ کی باقاعدہ صحبت اختیار کی اور ان سے خرقہ تصوف بھی پہنا۔[30] ابن الفوطی نے کہا:

هو المحدث الحافظ الزاهد الواعظ[31]

---

[26]- تايید الحقیقة العلیة و تشیید الطریقة الشاذلیة ، ص ۱۲

Ta᾿yīd al-Ḥaqīqah al-ʿAliyyah wa Tashyīd al-Ṭarīqah al-Shādhiliyyah, p. 12.

[27]- طبقات الاولياء ، سلاسل خرقة ابن الملقن، ص ۵۰۶

Ṭabaqāt al-Awliyā᾿, Salāsil Khirqah Ibn al-Mulaqqin, p. 506.

[28]- المقاصد الحسنة، حرف لام، ص ۵۲۷

al-Maqāṣid al-Ḥasanah, Ḥarf Lām, p. 527.

[29]- ابن رجب، حافظ عبد الرحمن بن احمد، الذيل على طبقات الحنابلة، تحقيق: دكتور عبدالرحمن بن سليمان بن محمد العثيمن، الرياض: مكتبة العبيكان، ١٤٢٥هـ، ٦٣/٤-٦٤

Ibn Rajab, Ḥāfiẓ ʿAbd al-Raḥmān ibn Aḥmad, al-Dhayl ʿalā Ṭabaqāt al-Ḥanābilah, Taḥqīq: Dr. ʿAbd al-Raḥmān ibn Sulaymān ibn Muḥammad al-ʿUthaymīn, Riyāḍ: Maktabat al-ʿUbaykān, 1425H, 63-64/4.

[30]- سیر اعلام النبلاء، ۲۳/ ۳۶۳

Siyar Aʿlām al-Nubalā᾿, 363/23.

[31] ایضاً .

Ibid.

آپ کو حافظ، محدث، واعظ کے ساتھ ساتھ زاہد بھی گردانا ہے۔

19. عزالدین بن عبد السلامؒ (متوفی ۶۶۰ھ):

عزالدین بن عبد السلام بن عبد العزیز السلمیؒ ساتویں صدی ہجری کے عظیم محدث، مفتی اور مدرس ہونے کے ساتھ ساتھ ایک عظیم صوفی بھی تھے۔ آپ کے صوفی ہونے کے بارے علامہ ذہبیؒ کا یہ قول دال ہے۔

"آپ زہد وورع، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور دین میں مضبوطی کے لیے معروف تھے۔"[32]

آپ نے باقاعدہ صوفیہ کرام کی صحبت اختیار کی اور ان سے خرقہ تصوف بھی حاصل کیا۔ جلال الدین سیوطیؒ نے لکھا کہ:

لبس خرقة التصوف من الشهاب السهروردي.وكان يحضر عند ابي الحسن الشاذلي.[33]

"آپ نے خرقہ تصوف شہاب الدین سہروردی سے حاصل کیا اور شیخ ابو الحسن الشاذلی کے پاس حاضر ہوا کرتے تھے۔"

20. حافظ ابو بکر محمد بن یوسف مسدیؒ (۶۶۰ھ):

حافظ مسدیؒ اپنے زمانہ کے ائمہ حدیث وفقہاء میں سے تھے۔ آپ نے صوفی کی صحبت اختیار کرنے کے ساتھ ساتھ ان سے خرقہ بھی حاصل کیا۔ صلاح الدین صدیؒ نے آپ کے خرقہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا کہ:

و لبس الخرقة من جده ابي موسي سنة اثنتين و ستمائة ومن الامين عبداللطيف النرسي و لبسهم عن الشيخ عبدالقادر.[34]

"آپ نے ۶۲۰ھ میں اپنے دادا ابو موسی اور امین عبد اللطیف نرسی سے خرقہ پہنا اور ان دونوں نے شیخ عبد القادر جیلانی سے خرقہ پہنا۔"

21. قطب الدین قسطلانیؒ (متوفی ۶۶۸):

شیخ قطب الدین محمد بن احمد بن علی بن محمد بن قسطلانیؒ شافعی مسلک کے ائمہ، محدثین اور ائمہ تصوف میں سے تھے۔ آپ ان افراد میں شامل ہیں جنہوں نے علم، عمل، زہد اور وقار کو جمع کیا۔ آپ نے اپنے والد علی بن البناءؒ اور شہاب الدین سہروردیؒ سے علم حاصل کیا اور ان ہی سے خرقہ تصوف بھی حاصل کیا۔[35] علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے صرف شہاب الدین سہروردیؒ سے اخذ تصوف کا ذکر کیا ہے۔[36]

---

[32] ۔ ذهبی، شمس الدین ، العبر فی خبر من غبر ، تحقیق: ابو هاجر محمد السعید ، بیروت : دار الکتب العلمیة، ۱٤۰۵ھ، ۲۹۹/۳
al-Dhahabī, Shams al-Dīn, al-ʿIbar fī Khabar Man Ghabar, Taḥqīq: Abū Hājir Muḥammad al-Saʿīd, Bayrūt: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyyah, 1405H, 299/3.

[33] ۔ جلال الدین سیوطی ، حسن المحاضرة فی تاریخ مصر والقاهرة، تحقیق: محمد ابو الفضل ابراهیم ، داراحیاء الکتب العربیة، ۱۳۸۷ھ، ۳۱۵/۱

Jalāl al-Dīn al-Suyūṭī, Ḥusn al-Muḥāḍarah fī Tārīkh Miṣr wa al-Qāhirah, Taḥqīq: Muḥammad Abū al-Faḍl Ibrāhīm, Dār Iḥyāʾ al-Kutub al-ʿArabiyyah, 1387H, 315/1.

[34] ۔الصفدی، صلاح الدین خلیل بن ایبک ، الوافی بالوفیات، تحقیق: احمد الارنؤوط ، بیروت: داراحیاء التراث العربی ، ۱٤۲۰ھ، ۱٦٦/۵
al-Ṣafadī, Ṣalāḥ al-Dīn Khalīl ibn Aybak, al-Wāfī bi al-Wafayāt, Taḥqīq: Aḥmad al-Arnāʾūṭ, Bayrūt: Dār Iḥyāʾ al-Turāth al-ʿArabī, 1420H, 166/5.

[35] ۔سبکی، تاج الدین ابی نصر عبدالوهاب، طبقات الشافعیة الکبری، تحقیق: عبد الفتاح محمد الحلو، بیروت : داراحیاء الکتب العربیة، ۱۹۱۸ء، ٤۳/۸/ عبدالسلام یاسین ، الاحسان ، الدارالبیضاء، ۱۹۹۸ء، ۵۷/۱

al-Subkī, Tāj al-Dīn Abū Naṣr ʿAbd al-Wahhāb, Ṭabaqāt al-Shāfiʿiyyah al-Kubrā, Taḥqīq: ʿAbd al-Fattāḥ Muḥammad al-Ḥalw, Bayrūt: Dār Iḥyāʾ al-Kutub al-ʿArabiyyah, 1918, 43/8/ ʿAbd al-Salām Yāsīn, al-Iḥsān, al-Dār al-Bayḍāʾ, 1998, 57/1.

[36] ۔ تایید الحقیقة العلیة و تشیید الطریقة الشاذلیة ، ص۲۵
Taʾyīd al-Ḥaqīqah al-ʿAliyyah wa Tashyīd al-Ṭarīqah al-Shādhiliyyah, p. 25.

علامہ قسطلانیؒ نے خرقہ تصوف سے متعلق ایک رسالہ بعنوان "ارتفاع الرتبۃ باللباس" بھی تالیف کیا۔ جس میں انہوں نے اپنے خرقہ تصوف پہننے کی اسناد بیان کی ہیں۔ جن سے آپ نے خرقہ حاصل کیا ان شیوخ میں شیخ عبدالمحسن بن قرامرز بن خالدؒ، شیخ ابو موسی محمد بن ابی بکر بن ابو موسی مدینی اصفہانیؒ، ابو عبد اللہ محمد بن محمد بن عثمان بن سمیریؒ شامل ہیں۔[37]

22. یحیی بن شرف نوویؒ (متوفی ۶۷۶ھ):

امام نوویؒ ایک عظیم فقیہ، محدث، ماہر اسماء الرجال اور صوفیہ تھے۔ آپ زہد اختیار کرنے والے تھے۔ نیز آپ نے مختلف علوم میں مہارت حاصل کی جیسے فقہ، حدیث، اسماء الرجال، لغت، تصوف وغیرہ۔ آپ کے طریقت میں شیخ یاسین بن یوسف زرکشیؒ تھے۔[38] یوں تو آپ کی تقریباً تمام کتب میں تصوف اور صوفیہ کی تعریف و توصیف کے حوالے سے اقوال موجود ہیں لیکن بالخصوص المقاصد اور بستان العارفین میں آپ کے تصوف و صوفیہ میں بہت سے اقوال ملتے ہیں۔

23. حافظ ابو محمد عبد المؤمن دمیاطیؒ (متوفی ۷۰۵ھ):

حافظ دمیاطیؒ اپنے عہد کے عظیم محدث، مفسر، فقیہ ہونے کے ساتھ ساتھ صاحب خرقہ بھی ہیں۔ آپ نے باقاعدہ سلسلہ جنیدیہ میں اپنے شیوخ سے خرقہ تصوف حاصل کیا۔ اس کی اسناد درج ذیل ہیں۔ حافظ ابن الملقنؒ نے کہا کہ:

"مجھے حافظ شرف الدین دمیاطی نے خرقہ پہنایا۔ انہوں نے بہاء ابی الحسن علی بن ھبۃ اللہ سے اور علم الدین ابی الحسن علی بن محمود بن احمد صابونی سے اور ان دونوں نے ابو طاہر سلفی سے، انہوں نے شریف معمر سے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے اپنے بھائی سے اور انہوں نے جنید بغدادی سے خرقہ پہنا۔"[39]

دوسری سند حافظ دمیاطی نے یوں بیان کی کہ:

"میں نے نجم الدین ابو نعمان یسیر بن ابی بکر بن حامد الاعرابی سے مکہ میں خرقہ پہنا۔ انہوں نے ابو المحاسن بن علی الفارمذی سے، انہوں نے اپنے شیخ اور اپنے دادا ابو القاسم عبد اللہ الکرامی سے، انہوں نے ابو عمرو محمد بن ابراہیم زجاجی سے، انہوں نے شبلی سے اور انہوں نے جنید بغدادی سے خرقہ تصوف پہنا۔"[40]

---

[37]- القسطلانی ، قطب الدین محمد بن احمد، ارتفاع الرتبة باللباس، مشموله : رسائل من التراث الصوفی فی لبس الخرقة،تحقیق: د۔ احسان ذنون الثامری، عمان: دارالرازی، ۱۴۲۳ھ، ص ۷٦

al-Qasṭallānī, Quṭb al-Dīn Muḥammad ibn Aḥmad, Irtifāʿ al-Rutbah bil-Libās, Mashmūlah: Rasāʾil min al-Turāth al-Ṣūfī fī Lubs al-Khirqah, Taḥqīq: Dr. Iḥsān Dhunūn al-Thāmirī, ʿAmmān: Dār al-Rāzī, 1423H, p. 76.

[38]- طبقات الشافعية، ۳۹۵/۸-۳۹٦

Ṭabaqāt al-Shāfiʿiyyah, 395-396/8.

[39]-طبقات الاولیاء ، سلاسل خرقة ابن الملقن، ص ۴۹۸-۴۹۹

Ṭabaqāt al-Awliyāʾ, Salāsil Khirqah Ibn al-Mulaqqin, pp. 498-499.

[40]- ایضاً، ص۴۹۹

Ibid. p. 499.

شمس الدین سخاوی نے آپ کو ان محدثین میں شمار کیا ہے جنہوں نے باقاعدہ خرقہ تصوف حاصل کیا۔[41]

24. شمس الدین ذہبیؒ (متوفی ۷۴۸ھ):

امام ذہبی اپنے عہد کے عظیم مؤرخ و محدث تھے۔ آپ کی تحریرات میں جہاں تصوف پر نقد پایا جاتا ہے تو وہیں ان میں صوفیہ کی تحسین و توصیف بھی کی۔ اس حوالے سے "سیر اعلام النبلاء" ان کی اہم کتاب ہے جس میں دیگر ائمہ فقہ، محدث، مفسر، مجتہد کے ساتھ ساتھ صوفیہ کے احوال و آثار اور ان کے اقوال بیان کیے ہیں۔ آپ نے بھی دیگر محدثین کی طرح صوفیہ کی صحبت اختیار کی اور ان سے خرقہ تصوف بھی پہنا۔ آپ نے خود خرقہ تصوف پہننے کے حوالے سے سیر اعلام النبلاء میں لکھا کہ:

"مجھے ہمارے شیخ محدث، زاہد ضیاء الدین عیسی بن یحیی انصاری نے قاہرہ میں خرقہ تصوف پہنایا اور کہا مجھے مکہ میں شیخ شہاب الدین سہروردی نے خرقہ پہنایا اور انہوں نے اپنے چچا ابو نجیب سے پہنا۔"[42]

علامہ سخاویؒ نے آپ کو ان محدثین میں شمار کیا ہے جنہوں نے باقاعدہ خرقہ تصوف حاصل کیا۔[43]

25. اسماعیل بن عمر بن کثیرؒ (متوفی ۷۷۴ھ):

علامہ ابن کثیرؒ آٹھویں صدی ہجری کے عظیم فقیہ، مفسر، مؤرخ اور محدث تھے۔ آپ نے سلسلہ شاذلیہ میں باقاعدہ صحبت بھی اختیار کی۔ اس کا اظہار حافظ صلاح الدین صفدیؒ نے ابو الحسن علی بن عبد اللہ بن عبد الجبار بن تمیم شاذلیؒ کے تذکرے میں ان الفاظ سے کیا:

كان قدتصوف علي طريقته.وصحب الشيخ نجم الدين الاصبهاني نزيل الحرم و نجم الدين صحب الشيخ ابا العباس المرسي صاحب الشاذلي.[44]

"انہوں نے شاذلی طریقے پر تصوف اختیار کیا۔ انہوں نے شیخ نجم الدین اصبہانی جو حرم میں مقیم تھے، کی صحبت اختیار کی اور انہوں نے ابو العباس مرسی جو صاحب شاذلی تھے، کی صحبت اختیار کی۔"

---

[41]۔ سخاوی، شیخ محمد عبد الرحمن ، المقاصد الحسنة، تحقيق: محمد عثمان الخت، بيروت : دارالكتاب العربي، ١٤٠٥ھ حرف لام، ص ٥٢٧

al-Sakhāwī, Shaykh Muḥammad ʿAbd al-Raḥmān, al-Maqāṣid al-Ḥasanah, Taḥqīq: Muḥammad ʿUthmān al-Khatt, Bayrūt: Dār al-Kitāb al-ʿArabī, 1405H, Ḥarf Lām, p. 527.

[42]۔ سیر اعلام النبلاء ، ٣٧٧/٢٢

Siyar Aʿlām al-Nubalāʾ, 377/22.

[43]۔ المقاصد الحسنة، حرف لام، ص ٥٢٧

al-Maqāṣid al-Ḥasanah, Ḥarf Lām, p. 527.

[44]۔ الوافی بالوفیات، ١٤٢/٢١

al-Wāfī bi al-Wafayāt, 142/21.

26. شہاب الدین رملیؒ (متوفی ۸۴۴ھ):

شہاب الدین رملیؒ اپنے عہد میں بطور فقیہ و محدث معروف تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کا تصوف اور اہل تصوف کے ساتھ گہرا ربط تھا۔ آپ نے بہت سے مشائخ تصوف کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیے۔ حافظ شوکانی نے لکھا کہ:

واخذ عن جماعة من اهل الطريقة.[45]

آپ نے اہل طریقت کی ایک جماعت سے اخذ تصوف کیا۔

27. حافظ زین الدین عراقیؒ (متوفی ۸۰۶ھ):

حافظ عراقیؒ آٹھویں صدی ہجری کے مشہور محدث ہیں۔ آپ کو بھی تصوف اور اہل تصوف سے لگاؤ تھا اور آپ نے باقاعدہ خرقہ تصوف بھی پہنا۔ حافظ سخاوی نے آپ کو ان محدثین میں شمار کیا ہے جنہوں نے خرقہ تصوف پہنا۔[46]

28. حافظ ابن الملقنؒ (متوفی ۸۰۶ھ):

حافظ ابن الملقنؒ معروف محدث و فقیہ تھے۔ آپ کے ذوق تصوف کا اندازہ اس امر سے ہوتا ہے کہ آپ نے صوفیہ کے احوال پر باقاعدہ کتاب بنام "طبقات الاولیاء" تالیف کی۔ آپ نے نہ صرف یہ کتاب لکھی بلکہ آپ نے تو باقاعدہ صوفیہ سے خرقہ بھی حاصل کیا۔ انہوں نے خود اپنی تصنیف طبقات الاولیاء میں اس کی مختلف اسانید مختلف طرق سے بیان کی ہیں۔ آپ نے اس بات کا اظہار ان الفاظ میں کیا کہ:

"میں نے خرقہ تصوف مختلف صوفیہ کی جماعتوں سے اور مختلف طرق میں پہنا۔ ان میں زین الدین ابو بکر بن قاسم حنبلی، شیخ عزالدین فاروی، ابو العباس نہاوندی، ابو اسحاق ابراہیم الرقی، شیخ سعد الدین ابو عبداللہ محمد بن الموبد ابو بکر جوینی، شیخ شرف الدین ابو العباس احمد بن ابو اسحاق ابراہیم بن سباع فزاری، شرف الدین ابو محمد یعقوب بن احمد بن یعقوب حلبی، معمر جمال الدین ابو المحاسن یوسف بن محمد نصر اللہ معدی حنبلی وغیرہ شامل ہیں۔"[47]

علامہ سخاوی نے آپ کو ان محدثین میں شمار کیا ہے جنہوں نے باقاعدہ خرقہ تصوف حاصل کیا۔[48]

---

[45] ۔ محمد بن علی شوکانی، البدرالطالع بمحاسن من بعد القرن السابع، بیروت: دارالکتب العلمیة، ١٤١٨ھ، ٣٧/١
Muḥammad ibn ʿAlī al-Shawkānī, al-Badr al-Ṭāliʿ bi Maḥāsin man baʿd al-Qarn al-Sābiʿ, Bayrūt: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyyah, 1418H, 37/1.

[46] ۔ المقاصد الحسنة، حرف لام، ص ٥٢٧

Al-Maqāṣid al-Ḥasanah,p. 527.

[47] ۔طبقات الاولیاء ، سلاسل خرقة ابن الملقن ، ص٤٥٤- ٥٠٠

Ṭabaqāt al-Awliyāʾ, Salāsil Khirqah Ibn al-Mulaqqin, pp. 454-500.

[48] ۔ المقاصد الحسنة، حرف لام، ص ٥٢٧

al-Maqāṣid al-Ḥasanah, Ḥarf Lām, p. 527.

29. حافظ ابوالخیر محمد بن محمد جزریؒ (متوفی ۸۳۳ھ):

حافظ ابوالخیر جزریؒ فن قراءت، حدیث، تاریخ وغیرہ میں مکمل عبور رکھتے تھے۔ آپ کی وجہ شہرت بحیثیت محدث ہے۔ نیز آپ کو تصوف و صوفیہ سے خاص لگاؤ تھا اور باقاعدہ خرقہ تصوف بھی حاصل کیا۔ آپ نے اس کا ظہار ان الفاظ میں کیا:

فاني لبستها من جماعة ووصلت الي منه من طرق رجاء.[49]

"میں نے خرقہ تصوف، صوفیہ کی ایک جماعت سے پہنا ہے اور متعدد طرق سے یہ خرقے مجھے ملے ہیں۔"

اس کے بعد متعدد اسانید کا ذکر کیا ہے۔ جن شیوخ سے انہوں نے خرقہ تصوف پہنا ان میں شیخ مسند معمر ابو حفص عمر بن حسن مراغیؒ شامل ہیں۔ ان کے بعد تین طرق احمدیہ، قادریہ اور سہروردیہ میں جن شیوخ سے خرقہ پہنا ان کی سند ذکر کی ہے۔ ان میں احمدیہ سلسلہ کے شیخ محی الدین ابراہیمؒ، قادریہ اور سہروردیہ سلسلہ میں شیخ شہاب الدین سہروردیؒ سے خرقہ پہنا۔[50]

30. ابن ناصر الدین دمشقیؒ (متوفی ۸۴۲ھ):

ابن ناصر الدین دمشقیؒ اپنے عہد کے معروف محدث و مؤرخ تھے۔ آپ کو بھی تصوف اور صوفیہ سے قلبی لگاؤ تھا۔ آپ نے خرقہ تصوف پہنا بھی اور آگے پہنایا بھی۔ توضیح المشتبہ کے محقق نے کتاب کے مقدمہ میں اس بات کا اعتراف کیا کہ آپ کو خرقہ تصوف پہنانے میں دلچسپی تھی۔ نیز اس مقصد کے تحت کتاب "اطفاء حرقة الحوبة بالباس خرقة التوبة" تحریر کی۔[51] ابن المبرد نے ابن ناصر الدین کا یہ قول نقل کیا:

والبسني الشيخ العالم الشروطي ابو اسحاق ابراهيم بن عبدالله بن محمد بن محمد بن احمد القرشي بدمشق[52]

---

[49]- الجزری، شمس الدین ابو الخیر محمد بن محمد ، مناقب الاسد الغالب علی بن ابی طالب ، تحقیق : طارق طنطاوی ، قاهرة: مكتبة القرآن الطبع والنشر والتوزیع، س۔ن، ص ٨٤

al-Jazarī, Shams al-Dīn Abū al-Khayr Muḥammad ibn Muḥammad, Manāqib al-Asad al-Ghālib ʿAlī ibn Abī Ṭālib, Taḥqīq: Ṭāriq Ṭanṭāwī, Qāhirah: Maktabat al-Qurʾān li al-Ṭibāʿah wa al-Nashr wa al-Tawzīʿ, S.N., p. 84.

[50]- ایضاً، ص ٨٤-٨٥

Ibid.pp.84-85

[51]- ابن ناصرالدین ، شمس الدین محمد بن عبدالله بن محمد القیسی الدمشقی، توضیح المشتبه، محقق: محمد نعیم العرقسوسی،بیروت: مؤسسة الرسالة، س۔ن، مقدمة، ص ٦٧

Ibn Nāṣir al-Dīn, Shams al-Dīn Muḥammad ibn ʿAbd Allāh ibn Muḥammad al-Qaysī al-Dimashqī, Tawḍīḥ al-Mushtabah, Muḥaqqiq: Muḥammad Naʿīm al-ʿArqasūsī, Bayrūt: Muʾassasat al-Risālah, S.N., Muqaddimah, p. 67.

[52]-ابن المبرد حنبلی، حافظ جمال الدین یوسف بن بدرالدین، بدء العلقة بلبس الخرقة،مشموله: رسائل من التراث الصوفی فی لبس الخرقة،تحقیق:د۔ احسان ذنون الثامری، ۱۴۲۳ھ ، ص ۱۶۱

"اور مجھے شیخ عالم شروطی ابو اسحاق ابراہیم بن عبد اللہ بن محمد بن محمد بن احمد قریشی نے دمشق میں خرقہ پہنایا۔"

دوسرے مقام پر ابو العباس احمد بن ابو المحاسن سے خرقہ پہننے کی سند ذکر کی۔ نیز دیگر اور اسانید بھی بیان کی ہیں۔[53] علامہ سخاوی نے آپ کو ان محدثین میں شمار کیا ہے جنہوں نے باقاعدہ خرقہ تصوف حاصل کیا۔[54]

31. شمس الدین سخاویؒ (متوفی ۹۰۲ھ):

علامہ شمس الدین سخاویؒ اپنے عہد کے عظیم محدث و مؤرخ تھے۔ آپ کو بھی تصوف اور اہل تصوف سے لگاؤ تھا۔ علامہ سخاوی نے اپنی تصنیف المقاصد الحسنہ میں دیگر بہت سے محدثین کے صاحب خرقہ ہونے کی نشاندہی کی ہے لیکن اپنے خرقہ تصوف پہننے کے بارے میں اپنے دوسری تصنیف "ارشاد الغاوی" میں اس کا اعتراف کیا ہے کہ میں نے حفید الجمال ابو المحاسن یوسف کورانی عجمیؒ سے خرقہ تصوف پہنا۔ اس کے بعد ان اشخاص کا ذکر کیا جنہوں نے ان سے خرقہ تصوف حاصل کیا۔[55]

32. ابن المبرد حنبلیؒ (متوفی ۹۰۹ھ):

آپؒ نویں صدی ہجری کے عظیم محدث وفقیہ تھے۔ آپ کے ذوق تصوف کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ آپ نے باقاعدہ خرقہ تصوف پہنا اور تصوف کے موضوع پر ایک کتاب "صدق التشوف الی علم التصوف" تحریر کی۔[56] آپ نے ایک رسالہ خرقہ تصوف کے حوالے سے بعنوان "بدء العلقۃ بلبس الخرقۃ" بھی لکھا۔ آپ نے اپنے خرقہ تصوف پہننے سے متعلق لکھا کہ:

وقد البسني الخرقة القادرية شيخنا شهاب الدين احمد بن زيد الحنبلي[57]

"میں نے شیخ شہاب الدین احمد بن زید حنبلی سے خرقہ قادریہ پہنا۔"

Ibn al-Mubarrad al-Ḥanbalī, Ḥāfiẓ Jamāl al-Dīn Yūsuf ibn Badr al-Dīn, Badʾ al-ʿUlaqah bil-Libs al-Khirqah, Mashmūlah: Rasāʾil min al-Turāth al-Ṣūfī fī Lubs al-Khirqah, Taḥqīq: Dr. Iḥsān Dhunūn al-Thāmirī, 1423H, p. 161.

[53] ۔ایضاً،١٦٤-١٦٥

Ibid. pp. 164-165

[54] ۔ المقاصد الحسنة، حرف لام، ص ٥٢٧

al-Maqāṣid al-Ḥasanah, Ḥarf Lām, p. 527.

[55] ۔ سخاوی ، شمس الدین ابو الخیر محمد بن عبد الرحمن ، ارشاد الغاوی بل اسعاد الطالب والراوی للاعلام بترجمة السخاوی ، تحقیق: د۔ سود بن فجحان دوسری، کویت: مکتبة اهل الاثر، ١٤٣٥ھ، ص ٩٦-٩٧

al-Sakhāwī, Shams al-Dīn Abū al-Khayr Muḥammad ibn ʿAbd al-Raḥmān, Irshād al-Ghāwī bil-Isʿād al-Ṭālib wa al-Rāwī li al-Iʿlām bi Tarjamah al-Sakhāwī, Taḥqīq: Dr. Sūd ibn Fajḥān al-Dūsarī, Kuwait: Maktabat Ahl al-Athar, 1435H, pp. 96-97.

[56] ۔ بدء العلقة بلبس الخرقة،مشموله: رسائل من التراث الصوفی فی لبس الخرقة،ص١٣٥

Badʾ al-ʿUlaqah bil-Libs al-Khirqah, Mashmūlah: Rasāʾil min al-Turāth al-Ṣūfī fī Lubs al-Khirqah, p. 135.

[57] ۔ ایضاً،ص١٥٣

Ibid. p.153

اس کے بعد طویل سند خرقہ بیان کی۔

33. علامہ جلال الدین سیوطیؒ (متوفی ۹۱۱ھ):

علامہ جلال الدین سیوطیؒ ایک عظیم مفسر، محدث، فقیہ اور مؤرخ تھے۔ آپ نے متعدد کتب و رسائل تالیف کیے۔ آپ کو تصوف و اہل تصوف سے خاص دلچسپی تھی۔ اس کا اندازہ آپ کی تحریرات میں موجود اشاری مباحث سے لگایا جا سکتا ہے۔ آپ نے تصوف کے موضوع پر باقاعدہ کتب اور رسائل بھی تالیف کیے۔ ان میں القول الاشبہ في حديث من عرف نفسہ فقد عرف ربہ، الخبر الدال علي وجود القطب والاوتاد والنجباء والابدال، تنوير الحلك في المكان رؤية النبي والملك، اتحاف الفرقة برفو الخرقة، تنبيہ الغبي بتزية ابن عربي، تاييد الحقيقة العلية وتشييد الطريقة الشاذلية، سند الشيخ جلال الدين السيوطي بلبس الخرقة والتلقين والصحبة شامل ہیں۔[58]

آپ نے اپنی سند خرقہ بیان کرتے ہوئے لکھا:

لبست الخرقة المباركة من يد الشيخ الامام العالم الصالح الورع الزاهد كمال الدين محمد بن محمد بن عبدالرحمن المصري الشافعي الصوفي المعروف بابن امام الكاملية.[59]

"میں نے شیخ الصالح، صاحب ورع، زاهد، کمال الدین محمد بن محمد بن عبد الرحمن مصری شافعی صوفی المعروف بہ ابن امام کاملیہ سے خرقہ تصوف پہنا۔"

اس کے بعد پوری سند بیان کی۔

34. عبد الرحمن علیمیؒ (متوفی ۹۲۸ھ):

حافظ عبد الرحمن علیمی مقدسی اپنے عہد کے عظیم محدث تھے۔ آپ نے بھی باقاعدہ صوفیہ کرام کی صحبت اختیار کی اور ان سے خرقہ تصوف حاصل کیا۔ آپ نے اپنے خرقہ سے متعلق ایک عالی سند بیان کی جو شیخ عبد القادر جیلانی تک پہنچتی ہے۔ جسے انہوں نے شیخ شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن موسی بن عمران حنفی سے حاصل کیا۔[60]

---

[58]۔ السيوطى ، جلال الدين عبد الرحمن بن ابو بكر ، الحاوى للفتاوى، بيروت: دارالكتب العلمية، ١٤٢١ھ، ٢/٢،٩٦، ٢٢٦/٢، ٢٤٢/٢ / السيوطى ، جلال الدين عبد الرحمن بن ابو بكر، سند الشيخ جلال الدين السيوطى بلبس الخرقة، مشموله:رسائل التراث الصوفى فى لبس الخرقة، ص١٧٧

al-Suyūṭī, Jalāl al-Dīn ʿAbd al-Raḥmān ibn Abī Bakr, al-Ḥāwī lil-Fatāwī, Bayrūt: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyyah, 1421H96/2, 226/2, 242/2 / al-Suyūṭī, Jalāl al-Dīn ʿAbd al-Raḥmān ibn Abī Bakr, Sanad al-Shaykh Jalāl al-Dīn al-Suyūṭī bil-Libs al-Khirqah, Mashmūlah: Rasāʾil al-Turāth al-Ṣūfī fī Lubs al-Khirqah, p. 177.

[59]۔ سند الشيخ جلال الدين السيوطى بلبس الخرقة والتلقين والصحبة ، مشموله:رسائل التراث الصوفى فى لبس الخرقة ، ص ١٨٥

Sanad al-Shaykh Jalāl al-Dīn al-Suyūṭī bil-Libs al-Khirqah wa al-Talqīn wa al-Ṣuḥbah, Mashmūlah: Rasāʾil al-Turāth al-Ṣūfī fī Lubs al-Khirqah, p. 185.

[60]۔ المنهج الاحمد ، ٢٢٠/٣

35. ابراہیم بن محمد بن محمد بن احمد بن عبد الرحمن دمشقیؒ

ابراہیم بن محمد بن محمد دمشقیؒ عظیم محدث ہونے کے ساتھ ساتھ صاحب خرقہ بھی تھے۔ آپ نے خرقہ تصوف عبد الکریم بن عبد الکریم البعلی سے پہنا انہوں نے العز الفاروثی سے پہنا۔[61]

درج بالا فہرست سے یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ محدثین کی کثیر تعداد ایسی رہی ہے جو صوفیانہ ذوق کے حامل تھے۔ انہوں نے نہ صرف صوفیہ کی صحبت اختیار کی بلکہ ان سے خرقہ بھی حاصل کیا۔ اور ان کا یہ خرقہ حاصل کرنا اس بات کی علامت تھی کہ وہ باضابطہ طور پر صوفی سلسلہ میں داخل ہوئے ہیں۔ اس کی طرف ڈاکٹر حسان ذنون ثامری نے اشارہ کرتے ہوئے لکھا کہ شیخ نے اپنے مرید پر اعتبار کرتے ہوئے پہننے کی اجازت دی تو صرف اس لیے کہ وہ مرید صوفیہ کے اصول طریقت کی پابندی کرتا ہے نیز شیخ کی مکمل اطاعت بجالاتا ہے۔ یہ درجہ مرید کو اس وقت حاصل ہوتا تھا جب وہ خود کو صوفیانہ آداب واخلاق کے مطابق ڈھال چکا ہو۔[62]

اس سے یہ بات بھی عیاں ہوتی ہے کہ فقہی اعتبار سے مختلف مذاہب سے تعلق رکھتے تھے لیکن اس کے باوجود صوفیانہ ذوق کے حامل تھے۔ ان کا یہ طرزِ عمل فقہ وتصوف میں ہم آہنگی پیدا کرنے کا ذریعہ ہے اور آج بھی ہم اس طرز عمل کو اپنا کر فکری وفروعی شدتوں کو کم کر سکتے ہیں نیز علمی تکبر کا ازالہ بھی ممکن ہے۔ اسی طرح جن ائمہ محدثین نے تصوف اور صوفیہ پر نقد کیا ان کو ہر گز منکرین تصوف نہیں کہا جا سکتا کیونکہ جزوی اختلاف کے باوجود انہوں نے مختلف مقامات پر تصوف وصوفیہ کی تحسین بھی کی۔ ان میں سے بہت سے محدثین نے آغاز میں تصوف واہل تصوف پر نقد کیا لیکن بعد میں ان سے رجوع کر لیا جیسے حافظ قسطلانی، علامہ ابن کثیر، حافظ شوکانی۔[63] حتی کہ ان میں سے شخصیات ایسی تھیں جنہوں نے تصوف واہل تصوف کی تائید میں اور احوال صوفیہ سے متعلق کتب تحریر کیں۔ مثال کے طور پر ابن جوزی نے جہاں "تلبیس ابلیس" میں نقد کیا تو بعد میں تصوف وصوفیہ کی حمایت میں "صفۃ الصفوہ" لکھی۔ اسی طرح حافظ ابن قیم جوزیہ نے ابتداء میں "منازل السائرین" میں بعض مقامات پر نقد پیش کیا تو وہیں تصوف واہل تصوف کی تحسین وتوصیف میں "الفوائد" اور "مدارج السالکین" تحریر کی۔

---

al-Manhaj al-Aḥmad, 220/3.

[61]-السخاوی، شمس الدین محمد بن عبدالرحمن ،الضوء اللامع لاهل القرن التاسع، بیروت: دارالجیل، س-ن، ۱/ ۱۵۸

al-Sakhāwī, Shams al-Dīn Muḥammad ibn ʿAbd al-Raḥmān, al-Ḍawʾ al-Lāmiʿ li Ahl al-Qarn al-Tāsiʿ, Bayrūt: Dār al-Jīl, S.N., 158/1.

[62]-د-احسان ذنون الثامری، رسائل من التراث الصوفی فی لبس الخرقة، مقدمه، ص۱۵-۱۶

Dr. Iḥsān Dhunūn al-Thāmirī, Rasāʾil min al-Turāth al-Ṣūfī fī Lubs al-Khirqah, Muqaddimah, pp. 15-16.

[63]- اس حوالے سے درج ذیل مصادر میں تفصیلات دیکھی جا سکتی ہیں:-

البدرالطالع، حرف القاف، ۱/ ۳۷۲- ۳۸۰/ الوافی بالوفیات، ۲۱/ ۱۴۱-۱۴۲/ الاحسان، ۵۷/۱

For further details, see the following sources: al-Badr al-Ṭāliʿ, Ḥarf al-Qāf, 372-380/1, / al-Wāfī bi al-Wafayāt, 141-142, / al-Iḥsān,57/1.